# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 28 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ منکی پاکس نامی بیماری کے پھیلاؤ کی روک تھام کی خاطر مرکزی وزارتِ صحت کی جانب سے ہدایات جاری

☆ اسمبلی انتخابات کی تیاری کے سلسلے میں مرکزی انتخابی کمیشن کے سیاسی اور انتظامی جائزاتی اجلاس

☆ ناندیڑ ضلع کے نرلی میں آلودہ پانی پینے سے 15 بچوں سمیت 200 افراد ہوئے متاثر

☆ عالمی یومِ سیاحت کے موقع پر مختلف پروگراموں کا انعقاد

اور

☆ ترشا جوالی اور گائیتری گوپی چند ' مکاؤ اوپن بیڈمنٹن مقابلے کے سیمی فائنل میں داخل

اب خبریں تفصیل سے...

مرکزی وزارتِ صحت اور خاندانی بہبود نے منکی پاکس نامی بیماری کے پھیلاؤ کی روک تھام کی خاطر رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ وزارت نے مقامی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِس بیماری کے وائرس کے پھیلاؤ پر نظر رکھیں ساتھ ہی علاج اور کورنٹین یعنی مریضوں کو علیحدہ رکھنے کی سہولت فراہم کریں۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن کی ٹیم نے کل ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے مختلف سیاسی جماعتوں کے ساتھ بات چیت کی۔ کمیشن نے کوکن اور پونے کے ڈویژنل کمشنروں' تھانے' پونے' پالگھر' ممبئی اور مضافات کے پولس کمشنروں اور پولس سپرنٹنڈنٹ کے ساتھ ساتھ تھانے 'نئی ممبئی ' پونے اور پمپری چنچوڑ کی میونسپل انتظامیہ کے ساتھ انتخابی عمل سے متعلق تبادلہ خیال کیا اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔ بقیہ ڈویژنوں میں انتخابی تیاریوں کا آج جائزہ لیا جائے گا۔

مرکزی انتخابی ٹیم اپنے اِس 2 روزہ دورے کے بیچ ریاست کے مختلف عہدیداروں ' سیاسی جماعتوں کے نمائندوں' چیف الیکٹرول آفیسر اور چیف سیکریٹری کے ساتھ انتخابی تیاریوں کے جائزہ کے لیے میٹنگیں کرے گی۔

بی جے پی کے رکن اسمبلی آشیش شیلار نے الیکشن کمیشن کو چند تجاویز پیش کی ہے۔ کمیشن کے نام اپنے خط میں انھوں نے کہا کہ رائے دہی کا دن تسلسل کے ساتھ ہونے والی چھٹیوں کے دوران نہیں ہونا چاہیے اور منتقل ہونے والے تمام ووٹرس کو رائے دہی کا حق ملنا چاہیے۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پونے کے شیواجی نگر سے سُوارگیٹ تک زیرِ زمین میٹرو ریلوے لائن کا افتتاح کریں گے۔ ساتھ ہی اِس موقعے پر سُوارگیٹ تا کاترج زیرِ زمین راستے کا سنگِ بنیاد بھی رکھا جائے گا۔ مرکزی وزیرِ مملکت مُرلی دھر موہول نے یہ اطلاع دی۔

اِسی بیچ وزیرِاعظم کل آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے ہم وطنوں سے خطاب کریں گے۔ یہ اِس پروگرام کے تیسرے سلسلے کی چوتھی قسط ہے۔ یہ پروگرام کل صبح 11/ بجے سے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

سابق وزیر اور کانگریس کے سینئر رہنما روہی داس چُڑامَن پاٹل کا کل دھولیہ میں انتقال ہوگیا۔ وہ 84/ برس کے تھے۔ آنجہانی پاٹل کانگریس پارٹی کے مختلف عہدوں اور ریاستی حکومت کی مختلف وزارتوں پر فائز رہے۔ اُن کی آخری رسومات آج ادا کی جائے گی۔ نائب وزیرِاعلیٰ اجیت پوار اور کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے اُن کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے کی ابھیشٹ چِنتن تقریب کا انعقاد کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں کیا گیا۔ باگڑے نے حال ہی میں اپنی زندگی کے 80/ویں برس میں قدم رکھا ہے۔ اِس تقریب کی صدارت مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کی۔ اِس موقع پر ہر باگڑے کی زندگی کا سفر کا احاطہ کرنے والی کتاب ''ماجھا پرواس'' کا اجراءعمل میں آیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی مختلف اسکیمات سے متعلق عام شہریان کو اطلاع دینے کے لیے شروع کیے گئے '' وزیرِاعلیٰ یوجنا دوت'' پروگرام میں حصہ لینے کی خاطر آخری تاریخ 30/ستمبر تک بڑھا دی گئی ہے۔ حکومت نے اپیل کی ہے کہ خواہش مند امید وار مذکورہ تاریخ تک ویب سائٹ www.mahayojnadoot.org پر درخواست دے سکتے ہیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

سیاحت کا عالمی دِن کل منایا گیا۔ '' سیاحت اور امن'' اِس برس کے یوم سیاحت کا موضوع ہے۔ اسی مناسبت سے سیاحت کی مرکزی وزارت نے کل بہترین ٹورزیم وِلیج مقابلے کے نتائج کا اعلان کیا۔ اِن انعامات کا اعلان 8/ مختلف زمروں میں 36/ دیہاتوں کے لیے کیا گیا ہے۔ اِس میں رتنا گیری ضلعے کے داپولی تعلقے کے گردے گاؤں کو زرعی سیاحت کا ایوارڈ ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سیاحت کے ریاستی وزیر گیرش مہاجن نے کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے ایلورہ میں ٹوریزم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے راشٹر کوٹ گیسٹ ہاؤس کا افتتاح کیا۔ یہاں ایک ہیلی پیڈ اور عالمی معیار کا وِزیٹر سینٹر قائم کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سیاحت کے عالمی دِن کے موقعے پر کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں پائیدار سیاحت۔ شراکت پر مشتمل ایک مکمل قدم کے موضوع پر ایک ورک شاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اِس میں محکمہ آثارِ قدیمہ کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شیو کمار بھگت ' پریس انفارمیشن بیورو کی ڈپٹی ڈائریکٹر جئے دیوی پُجاری سوامی' ضلع اطلاعاتی افسر ڈاکٹر مِلند دوسانے اور وزارت سیاحت کی معاون ڈائریکٹر مالتی دت نے سیاحت کی ترقی کی خاطر مددگار امور پر دیہی صحافیوں سے تفصیلی بات چیت کی۔

اِسی بیچ عالمی یومِ سیاحت کے موقع پر ایلورہ کے غاروں کے قریب 2/روزہ ملٹی میڈیا فلم نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ نمائش آج شام تک سب کے لیے کھلی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تیر میں کل عالمی یوم سیاحت کے موقع پر ہیریٹیج کا انعقاد کیا گیا۔ اِس میں شرکت کرنے والے شہریان نے تری وِکرم مندر اُتریشور مندر ' تیرتھ کُنڈ چیتیہ گڑھ کے ساتھ ساتھ دِونگت رام لِنگپہ رام تُرے نوادرات کے میوزیم کا دورہ کیا اور معلومات حاصل کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے نَرلی کشٹھ دھام میں سرکاری آب رسانی ٹینک کا پانی پینے سے 15/بچوں سمیت 200/سے زائد شہریان متاثر ہوگئے۔ اِن میں سے 6/کی حالت نازک ہے۔ یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی۔ اِن مریضوں کی نصب شب کے قریب ناندیڑ شہر کے سرکاری ہسپتال اور ایک خانگی ہسپتال میں علاج کے لیے داخل کیا گیا ہے۔ اِس واقعے کی اطلاع ملنے پر ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے ضلعے کے محکمہ صحت کو ضروری ہدایات دی ہیں۔

***** ***** *****

بھارت اور بانگلہ دیش کے درمیان کانپور میں کھیلے جانے والے دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے پہلے دِن کا کھیل بارش اور ناکافی روشنی کے باعث کل صبح سویرے روک دیا گیا۔ بانگلہ دیش ٹیم نے کل دِن کے اختتام تک 3/وکٹوں کے نقصان پر 107/رنز بنائے ہیں۔

***** ***** *****

ترشا جوالی اور گائیتری گوپی چند مکاؤ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین ڈبلز مقابلے میں سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ کل کھیلے گئے میچ میں ترشا اور گائیتری کی جوڑی نے تائیوان کی جوڑی کو 12 - 12 اور 17 - 21/سے شکست دے دی۔ آج سیمی فائنل میں اِن کا مقابلہ تائیوان کی دوسری جوڑی سے ہوگا۔

اِسی دوران کِدامبی شری کانت کو کوارٹر فائنل میں مردوں کے سنگلز مقابلے میں ہار کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے آئندہ 30/ برسوں کے لیے تیارکر دہ آب رسانی پالیسی کا مسودہ ویب سائٹ chhatrapatisambhajinagarmc.org پر شائع کیا گیا ہے۔شہریان سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے اعتراضات اورتجاوزیرتحریری شکل میں کارپوریشن کے شعبہ آب رسانی کے ایکزی کیٹیو اِنجینئر کے دفتر میں آئندہ 60/دنوں کے دوران داخل کریں۔

***** **** *****

دھاراشیوضلع کے پرانڈا تعلقے میں سینا کولے گاؤں آبی منصوبہ لبالب بھر چکا ہے۔ڈیم کے 17/دروازے کھول دیے گئے ہیں۔ جن سے 30/ ہزار گھن فیٹ فی سیکینڈ کی رفتار سے پانی ندیوں میں چھوڑا جا رہا ہے۔ ندیوں کے کنارے آباد دیہاتوں کو چوکنا رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

***** **** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگرضلع جائیکواڑی ڈیم سے پانی کا اخراج کم کر دیا گیا ہے۔اِس ڈیم کے 18/دروازوں سے تقریباً14/ ہزار672/کیوبِک فیٹ فی سیکینڈ کی رفتار سے گوداوَری ندی میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔

***** **** *****

ہنگولی بلدیہ کی جانب سے کل صفائی مِتر صحت تحفظ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ چیف افسر ارونِد مُنڈے کی رہنمائی میں منعقد کیے گئے اِس کیمپ میں 160/صفائی ملازمین کی طِبّی جانچ کی گئی۔

صفائی ہی خدمت مہم کے تحت کل پربھنی میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر میں عوامی بیداری کی خاطر اسٹریٹ پلے پیش کیا گیا۔ اِس ڈرامے کے ذریعے کوڑے کو الگ کرنے ' ہمارا کچرا ہماری ذمہ داری سے متعلق عوام میں آگاہی پیدا کی گئی۔

***** **** *****

**آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھرسُن لیجیے ...**

- ☆ **مَنکی پاکس نامی بیماری کے پھیلاؤ کی روک تھام کی خاطرمرکزی وزارتِ صحت کی جانب سے ہدایات جاری**
- ☆ **اسمبلی انتخابات کی تیاری کے سلسلے میں مرکزی انتخابی کمیشن کے سیاسی اور انتظامی جائزاتی اجلاس**
- ☆ **ناندیڑضلع کے نرلی میں آلودہ پانی پینے سے 15/بچوں سمیت 200/افراد ہوئے متاثر**
- ☆ **عالمی یومِ سیاحت کے موقع پرمختلف پروگراموں کا انعقاد**

**اور**

- ☆ **ترشا جوالی اور گائیتری گوپی چند ' مکاؤ اوپن بیڈمِنٹن مقابلے کے سیمی فائنل میں داخل**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھتر پتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆